Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

# پیمرا کی جانب سے عدالتی کارروائی کی رپورٹنگ پر پابندی عائد کرنے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے پیمرا کا اقدام آزادی صحافت اور عدلیہ کی آزادی پر حملہ قرار دے دیا

دستورِ پاکستان آزادی اظہار رائے اور معلومات تک رسائی کے بنیادی حقوق کی ضمانت فراہم کرتا ہے جسے محض ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے معطل نہیں کیا جا سکتا، ترجمان تحریک انصاف

پیمرا کا عدالتی کارروائی کی رپورٹنگ پر پابندی عائد کرنے کا اقدام آئین کے آرٹیکل 19 اور 19 اے کی صریح خلاف ورزی ہے، ترجمان تحریک انصاف

ماضی میں آزادی اظہار رائے کا بنیادی حق غصب کرنے کے آلہ کار کا کردار ادا کرنے والا پیمرا آج ججز کی زباں بندی کے مکروہ عمل میں مہرے کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

پیمرا کے ایسے ہی ایک غیر شائع شدہ آرڈر کی آڑ میں گزشتہ ایک سال سے بانی چیئرمین عمران خان کی تقریر، تحریر اور تصویر کی نشریات پر ناحق پابندی عائد ہے، ترجمان تحریک انصاف

پیمرا کے نوٹیفکیشن سے متعلق صحافتی تنظیموں پریس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے مؤقف کی بھرپور تائید و توثیق کرتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

عدلیہ سے استدعا ہے کہ پیمرا کے عدلیہ کی آزادی کے خلاف اقدام کا فوری نوٹس لیا جائے اور چیئرمین پیمرا سے توہین عدالت کے کھلے ارتکاب پر جواب طلب کیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ